لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۵ ربیع الاول ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۲ ستمبر ۱۹۲۲ء	جلد ۳۹

نمبر شمار	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	اضافہ مشاہرہ مہتمم پرچہ اخبار۔	۱ و ۲
۲	بابت تنخواہ بقیہ رقم رقوم روزانہ مطبع۔	۲
۳	رخصت نائب دیوان الصدر۔	ایضاً
۴	[illegible] خوشنویس کتب خانہ۔	ایضاً
۵	بابت تخفیف جات [illegible]۔	۲ و ۳
۶	رخصت [illegible] کلرک۔	۳
۷	[illegible] خان نقشہ نویس۔	ایضاً
۸	تقرر ڈاکٹر محمد یعقوب خان۔	ایضاً
۹	تاکید بابت ترتیب حسابات سال [illegible]۔	۳ و ۴
۱۰	عطائے اختیارات تحصیلدار صاحب حلقہ تحصیل	۴
۱۱	[illegible]	ایضاً
۱۲	بابت تخفیف رقم آمدنی روزانہ مطبع۔	ایضاً
۱۳	سپردگی نگرانی مطبع [illegible] صاحب مشیر قانونی	ایضاً
۱۴	[illegible]	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۲ اگست ۱۹۲۲ء

مثل معہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پرچہ اخبار در بارہ اضافہ تنخواہ مبلغ پانچ روپیہ ماہوار [illegible] پانچ روپیہ ماہوار [illegible] محمد انوار الحسن مہتمم پرچہ اخبار [illegible] در [illegible] کام قابل اطمینان [illegible]

حکم

رپورٹ [illegible] منشی انوار الحسن مہتمم پرچہ کی تنخواہ موجودہ میں پانچ روپیہ [illegible]

اضافہ کیا جائے۔ اور پانچ روپیہ الاؤنس شامل تنخواہ کر دیا جائے۔ اب انکی تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار ہو جائیگی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۷؍ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

بموجب رپورٹ منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذ بغرض اجرا احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض

جناب عالی

مطبع میں جو رقم نذرات رہتی ہے یا جو آمدنی ہر روزانہ داخل خزانہ ہونے سے باقی رہجاتی ہے اُسکے لئے ترقیخواہ کی تجویز ہے کہ ناظر سکریٹریٹ کے پاس رہا کرے۔ روزانہ جسقدر رقم کے صرف کی ضرورت ہو منصرم تجوری سے لیتے رہیں۔ نذرانہ کا حساب اور آمدنی و خرچ کا حساب بدستور اہلکاران مطبع کے پاس رہیگا۔ صرف تحفظ زر کے لئے یہ تجویز کی گئی ہے اور ناظر سکریٹریٹ کو اس خدمت کا الاؤنس پانچ روپیہ ماہوار دفتر مطبع سے مقرر فرمایا جانا بابت ترقیخواہ مناسب ہے لہذا عرضداشت ہا بغرض صدور حکم ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال زیادہ

تجویز دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
معروضہ ۱۹؍ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منظوری حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۹؍ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۳۰؍ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب فنانشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہ منشی شیام سندر لال نائب پیشکار صدر بوجہ علالت حسب سفارش دیوان صاحب صدر۔

حکم

بموجب رپورٹ یکماہ کی رخصت رعایتی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۴؍ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سردار ڈیوڑھی دربارہ منظوری رخصت ۳۰ یوم مسمے محمد نبی خان خوشنویس ملازم کتب خانہ بتفصیل ذیل

بوجہ علالت والدہ خود بغرض روانگی دہلی از ۹ ستمبر سنہ حال

رعایتی ۵ یوم - بلا تنخواہ ۲۵ یوم

حکم

بموجب سفارش رپورٹ منظوری دیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۹؍ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ صیغہ تعمیرات سے زیادہ تخمینہ جات کام ختم ہونے پر غیر معمولی مدت گزرنے کے بعد یا بعض تخمینہ جات درمیان کام میں پیش ہوا کرتے ہیں۔ مرمت سالانہ و معمولی مرمت کے تخمینہ جات شہر و مضافات کا بھی یہی حال ہے۔ جو بے اصول ہے کیونکہ تخمینہ ایک اندازہ اور تخمینہ کا نام ہے جو کام کرنے سے اول پیش کیا جاتا ہے۔ تیاری کام کے بعد تخمینہ کے نام سے موسوم ہی کرنا غیر صحیح ہے۔ بلکہ وہ صحیح حساب مصارف کا ہوگا تخمینہ نہیں کہا جا سکتا۔ اور وہ فائدہ جو قبل از تیاری کام ترتیب تخمینہ سے حاصل کیا جاتا ہے وہ اس صورت میں حاصل نہیں ہوتا اس لئے ضرورت ہے کہ کام سے قبل تخمینہ منظور کرا لیا جایا کرے۔

عمارات سرکاری دو قسم کی ہیں ایک وہ جنکا تعلق ذات خاص سے ہے۔ اور دوسرے ڈپارٹمنٹل ہیں۔ اول الذکر عمارات کے بعض ایسے ضروری کام جو فوراً حکماً شروع ہوتے ہیں۔ انکا تخمینہ کام شروع ہونے کے بعد جسقدر جلد ممکن ہو بھیجا جایا کرے یا جو کام دوران تعمیر میں تخمینہ منظور شدہ سے علاوہ اور زیادہ ہوں انکا تخمینہ فوراً ختم ہونے کے بعد ترتیب دیکر پیش کیا جایا کرے۔

رخصت

۴ ستمبر ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت وتعمیرات بابت منظوری رخصت رعایتی یکماہ محمد یسین خان نقشہ نویس، تنخواہ دار ملازم بجلی گھر بوجہ علالت از ۲۰ اگست حال زمانہ رخصت نامبردہ میں کوئی دوسرا انتظام نہ ہوگا۔

حکم

بموجب رپورٹ محمد یسین خان نقشہ نویس بجلی گھر کی رخصت رعایتی ایکماہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

تقرر

۴ ستمبر ۱۹۲۷ء

مثبتہ عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ تقرر عارضی ڈاکٹر محمد یعقوب خان ولد کریم خان بعہدہ ہیلتھ افسر بمشاہرہ پچاس روپیہ تنخواہ وپچیس روپیہ الاونس۔ امتحاناً برائے تین ماہ از یکم ستمبر ۱۹۲۷ء

حکم

بموجب رپورٹ۔ ڈاکٹر محمد یعقوب خان ہیلتھ افسر کا تقرر عارضی امتحاناً برائے ۳ ماہ یکم ستمبر ۱۹۲۷ء سے پچاس روپیہ تنخواہ وپچیس روپیہ ماہانہ الاونس پر منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۴ ستمبر ۱۹۲۷ء

زمانہ سال تمام میں بہت تھوڑا وقت باقی ہے۔ سال رواں کے حسابات کا مرتب ہونا اور صفائی نزدات اندرون سال ہونا ضروری ہے۔ صیغہ جات ماتحت میں یہ ترتیب جسقدر حسابات ہوں وہ ۲۰ ستمبر ۱۹۲۷ء تک آڈٹ پہنچ جانا چاہئے اور جو حسابات دوران میں ہوں انکی کارروائی مجرائی وغیرہ کی کوشش کیجائے۔ سررشتہ آڈٹ سے جلد کارروائی جانچ ہونا چاہئے تاکہ اندر سال حسابات کی مجرائی وغیرہ ہو کر نزدات وغیرہ صاف ہو جائے۔ کیونکہ وہ دراصل تخمینہ ہوگا صحیح حساب ہوگا۔ غیر معمولی توقف نہ ہونا چاہئے ورنہ ایسے تخمینہ جات منظور نہیں کئے جائیں گے۔ اور سرکار سے انکی مجرائی نہ ہوگی۔ اور مضافات وشہر کے ڈپارٹمنٹل عمارات کے تخمینہ جات درست سالانہ وبرسات درست وقت سے قبل صیغہ وار بھیجے جائیں مثلاً جوڈیشل ڈپارٹمنٹ سے جو عمارات متعلق وکشتو ہیں انکے تخمینہ جات یکجائی ہوں اسیطرح ہر ہر ڈپارٹمنٹ علیحدہ علیحدہ تخمینہ جات قبل از وقت کام اجلاس ہذا میں بھیجے جائیں۔ تاکہ اندازہ ہو سکے کہ کس کس صیغہ کا کام کس کسقدر ہوگا۔ نیز اس کام کے ضروری یا غیر ضروری ہونیکی بھی بابت غور کیا جائیگا۔ اور صیغہ متعلقہ سے بھی دریافت کیا جائیگا تاکہ آئندہ وہ صیغہ عدم درستی کی شکایت نکر سکے جیسا کہ اب دیکھا جاتا ہے کہ ہر صیغہ سے اکثر ہوتیں شکایت مرمت میں آتی ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل اس روبکار کی صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت کے پاس۔ ایک نقل صاحب فائننشل سکریٹری کے پاس بغرض اطلاع آڈٹ وخزانہ مرسل ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو اور ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ سکریٹری صاحبان کے پاس اور ایک نقل صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر کے پاس ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ ایک نقل میر صاحب بہادر ... کے پاس بھیجی جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۳ ستمبر ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب انچارج سپرنٹنڈنٹ پرنٹنگ پریس بابت منظوری رخصت رعایتی یکماہ رادھے شیام کلرک بغرض پیروی مقدمہ من ابتداء ۳ ستمبر سنہ حال۔

حکم

آٹھ روز کی رخصت رعایتی اور آٹھ روز کی بوضع تنخواہ جملہ سولہ روز کی رخصت رادھے شیام کلرک کی منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل روبکار ہذا صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صاحب ملٹری سکریٹری بہادر و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس و صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہولڈ کے پاس مرسل ہو - اور ایک نقل اسکی بغرض اطلاع آڈٹ و خزانہ صاحب فائننس سکریٹری بہادر کے پاس بھیجی جائے - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۴ ر اگست سنہ ۱۹۲۷ء

منشی محمد حسن خانصاحب خلف محمد ہادی حسن خانصاحب مرحوم بنا بر حکم اجلاس ہمایون رقمزدہ ۱۲ ر اگست سنہ ۱۹۲۷ء تحصیلدار حضور تحصیل مقرر ہوے ہیں - لہذا انکو صیغہ سرسری میں اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوم کے اختیارات دیے جاتے ہیں - صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل باندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۱۴ ر اگست سنہ ۱۹۲۷ء

چونکہ اجلاس ہمایون سے منشی محمد حسن خان تحصیلدار حضور تحصیل مقرر فرمائے گئے ہیں لہذا انکو صیغہ فوجداری میں اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم اور صیغہ دیوانی میں اختیارات منصفی کے دیے جاتے ہیں -

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں - اور درج گزٹ ہو - عرضداشت اطلاعی اجلاس ہمایون میں ارسال کیجائے -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۶ ر اگست سنہ ۱۹۲۷ء

مطبع میں رقم نزولات روزانہ مصارفات کے لئے رہتی ہے اور آمدنی بھی کثیر ہوتی ہے ان رقوم کے تحفظ کے لئے یہ تجویز کیگئی ہے کہ کل رقوم آمدنی روزانہ جس وقت وصول ہوں فوراً خزانہ میں داخل کر دیجائیں لیکن جو رقم ایسے وقت وصول ہو کہ خزانہ میں داخل نہ ہوسکے - وہ رقم ایک تھیلی میں سر بمہر کرکے روزانہ ناظر اجلاس کے پاس رکھدیا کریں اور دوسرے روز اول وقت سر بمہر تھیلی ناظر سے واپس لیکر رقم خزانہ میں داخل کرادیا کریں تھیلی ناظر کو باخذ رسید دیجائے - اور واپسی تھیلی کی رسید ناظر کو دیدیجائے - اور کل رقم نزولات خزانہ سے مہتمم صاحب وصول کرکے رجسٹر حسابات مطبع میں درج کرا کر باخذ رسید ناظر اجلاس کے امانت کرادیا کریں - اور جسوقت جسقدر رقم کی ضرورت ہو باخذ رسید ناظر اجلاس سے منگالیا کریں - رقم نزولات کے کل حسابات مطبع میں رہینگے اور صرف ناظر اجلاس کو تعلق ہوگا -

لہذا حکم ہوا کہ - حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۶ ر اگست سنہ ۱۹۲۷ء

مطبع جبسے اجلاس ہذا کے تفویض ہوا ہے - دو امر پیش نظر رہے ہیں - ایک یہ کہ حسابات اور رجسٹر حسابات وغیرہ جو بیقاعدہ اور نامکمل ہیں انکو صاف اور باقاعدہ کیا جائے - اسکی نسبت ضرورت تھی کہ پچھلا حساب صاف ہوں کہ جدید رجسٹروں میں صحیح نقل یا درج ہو کر آئندہ حساب جاری ہو - چنانچہ تقریباً ڈیڑھ سال سے کہ حسابات مطبع کی جانچ بذریعہ آڈٹ ہونیکی تحریک کیگئی ہے اور ایک عرصہ سے آڈٹ ہو رہی ہے لیکن آڈٹ کا نتیجہ معلوم ہو نہیں - تاخیر معلوم ہوتی ہے - لہذا ایک سرسری حساب کی بنا پر جدید رجسٹر جاری کردیے گئے ہیں - جب صحیح حساب معلوم ہوگا منضبط رجسٹروں میں ترمیم کردیجائیگی - دوسرا امر مطبع کا [illegible] اور اسکو حالت سے بہتر حالت میں چلانا ہے کیونکہ مطبع کی حالت یہ تھی کہ بموجب رپورٹ آڈٹ سال ۱۹۲۲ء لغایت ۱۹۲۵ء تک مطبع کی کل مجموعی آمدنی [illegible] اور خرچ [illegible] رہا ہے اس حساب اوسط سالانہ [illegible] کا مطبع کو نقصان رہا ہے لیکن اس حساب میں [illegible] خریداری مشین وغیرہ شامل ہے اگر اسکو منہا کر دیا جائے تو فاضل رقم مصارفات [illegible] ہوا اور اس حساب سے پانچسال میں اوسط سالانہ [illegible] کا نفع ہوا - امسال اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء سے مطبع کی نگرانی مولوی [illegible] محمد [illegible] مینیجر سپرنٹنڈنٹ قانونی کمیٹی بذریعہ حکم [illegible] کیگئی - مینیجر کو روز علاوہ [illegible] مطبع کی بدانتظامی وغیرہ کا انتظام و نگرانی کی جسکا نتیجہ یہ ہے کہ [illegible] ماہ کی آمدنی اور اخراجات صرف [illegible] کی تخمینی آمدنی و تخمینی خرچ [illegible] اور [illegible] ماہانہ نفع سرسری طور پر معلوم ہوتا ہے چونکہ مطبع کے جدید رجسٹروں میں عملدرآمد ہو رہا ہے اور موجودہ انتظام وغیرہ کی نسبت مینیجر مذکور کی نگرانی کی ضرورت ہے - اس رستہ میں کام میں کاوش و دشواری پیش آتی ہے - لہذا مطبع کی نگرانی پر مینیجر سپرنٹنڈنٹ قانونی کمیٹی کی جاتی ہے جو امور قابل اصلاح ہونگے انکی رپورٹ مینیجر کے ذریعہ اجلاس ہذا میں پیش کرکے احکام حاصل کرینگے اور کل ملازمان مطبع مینیجر کی ہدایات پر عمل کرنیکے پابند ہونگے -

لہذا حکم ہے - حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتداء ۳۱ اگست لغایتہ ۶ ستمبر ۱۹۲۶ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	ازوں	تعداد خط	ازوں	تعداد خط	ازوں	تعداد خط	ازوں	تعداد خط	ازوں	تعداد خط	ازوں
۳۱ اگست ۱۹۲۶ء یوم چہارشنبہ	۲	۴۱۱	۰	۳۰۴	۳	۴۴۴	۰	۴۱۷	۰	۴۱۵	۲	۳۶۶
یکم ستمبر ۱۹۲۶ء یوم پنجشنبہ	۰	۴۱۱	۰	۳۶۴	۰	۴۴۴	۰	۴۱۸	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶
۲ " " جمعہ	۴	۴۱۵	۲	۳۶۰	۳۲	۴۰۴	۲۳	۴۴۱	۳	۴۱۸	۱۹	۳۸۶
۳ " " شنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۰۶	۰	۴۰۴	۰	۴۴۱	۰	۴۱۸	۰	۳۸۵
۴ " " یکشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	½	۴۰۴½	۰	۴۴۱	۲۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۵ " " دوشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۶ " " سہ شنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	"	۰	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ دوم ماہ ستمبر ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۰	۸ر۱	[illegible]	۰	۸ار	تین تحصیلوں سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۰	۱۰ر۱	[illegible]		۹ار	
نخود ملے آمیز	۰	۰	۱۱ار	[illegible]	۰	۱۰ار	
[illegible]	۰	۰	۱۰ار	[illegible]		۱۰ار	
[illegible]	۰	۰	۰	۱۰۵ر	۰	۱۰۵ار	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۴ار	
مکا	۰	۰	۱۲ار	۰	۰	۹ار	
جئی	۰	۰	۱۳ار	۱۲ار	۰	۱۱ار	
کوڈنی	۰	۰	۱۱۰ار	۹۰ار	۰	۹ار	
مسور	۰	۰	۰۰ار	۰۷ار	۰	۷ار	
ارہر	۰	۰	۶۰	۰۴ار	۰	۴ار	
برنج	۰	۰	۵۰ر	۵۰ار	۰	۵ار	
روغن زرد	۰	۰	۵ چھٹانک	۰ار	۰	۰ار	
روغن سیاہ	۰	۰	۲ ار	۲ار	۰	۱ار	
روغن کنجد	۰	۰	۱ار	۰	۰	۱ار	
نمک سانبہر	۰	۰	۱۲ار	۱۱ار	۰	۱۲ار	
نمک لاہوری	۰	۰	۰۹	۰	۰	۸ار	
[illegible]	۰	۰	۷۰ار	۷ار	۰	۸ار	
[illegible]		۰	۰	۰	۰	۹ار	